
# اجے مشر کی برخاستگی پر اپوزیشن بضد

## لکھیم پور تشدد معاملے پر کانگریس وفد کی صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند سے ملاقات



**نئی دہلی (ایس این بی)** لکھیم پور تشدد کی لڑائی اب صدر جمہوریہ تک پہنچ چکی ہے۔ بدھ کو کانگریس کے سابق صدر راہل گاندھی کی قیادت میں اک وفد نے صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند سے ملاقات کی۔ کانگریس لیڈروں نے صدر کو لکھیم پور تشدد سے جڑے معاملوں پر عرضداشت سونپا۔ کانگریس لیڈروں نے اس معاملے میں ملزم آشیش مشر کے والد مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ اجے مشر کو ان کے عہدے سے ہٹانے کا مطالبہ کیا۔ صدر جمہوریہ سے ملاقات کے بعد راہل گاندھی نے کہا کہ متاثر کنبوں کا کہنا ہے کہ جس نے بھی ان کے بیٹے کا قتل کیا ہے اسے سزا ملے۔ آشیش مشر کے والد ملک کے وزیر مملکت برائے داخلہ ہیں جب تک وہ اپنے عہدے پر ہیں تب تک انصاف نہیں ملے گا۔ یہ بات ہم نے صدر کو بتائی ہے۔ پرینکا نے بھی راہل گاندھی کی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا کہ مرکزی وزیر ملزم کے والد ہیں۔ جب تک ان کی برخاستگی نہیں ہوتی انصاف نہیں ہوسکتا۔ شہید صحافی اور کسانوں کے گھر والوں کا مطالبہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صدر جمہوریہ نے بھروسہ دلایا ہے کہ وہ خود اس معاملے میں آج حکومت سے بات کریں گے۔ کانگریس لیڈر ملکارجن کھڑگے نے بتایا کہ ہم نے صدر جمہوریہ کو لکھیم پور تشدد کے سلسلہ میں ساری جانکاری دی ہے۔ ہم نے ان کے سامنے دو مطالبے رکھے ہیں۔ پہلی سیٹنگ جج سے غیر جانبدارانہ جانچ ہونی چاہیے۔ دوسرے مرکزی وزیر مملکت برائے داخلہ اجے مشر یا تو استعفیٰ دیں یا انہیں برخاست کر دینا چاہیے۔ وفد میں سینئر لیڈر راے کے انٹونی، غلام نبی آزاد، لوک سبھا میں کانگریس کے لیڈر رادھیر رنجن چودھری اور تنظیمی جنرل سکریٹری کے سی وینو گوپال بھی شامل تھے۔

# ’ہندوستان دنیا میں تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت ہوگی‘



**نئی دہلی/بوسٹن (یو این آئی)** مرکزی وزیر خارجہ نرملا سیتارمن نے ہندوستان کی دنیا میں سب سے تیزی سے بڑھتی ہوئی معیشت ہونے کا امکان ظاہر کرتے ہوئے کا کہ رواں مالی سال ملک دو پوائنٹ کے اضافے کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ امریکہ کے دورے پر آئیں محترمہ سیتارمن نے منگل کو ہاورڈ کنیڈی اسکول میں منعقد ایک مباحثے میں سوال جواب کے دوران کہا کہ مالی سال 23-2022 کے دوران ہندوستان کی اقتصادی ترقی کی شرح 7.5 فیصد سے 8.5 فیصد کے درمیان ہوسکتی ہے جس کے اگلے دہائی تک قائم رہنے کی امید ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی وزارت نے ابھی تک اقتصادی ترقی کے تعلق سے کوئی اندازہ نہیں لگایا ہے لیکن عالمی بینک، آئی ایم ایف اور دیگر ریٹنگ ایجنسیوں نے ہندوستان کے لئے قریب قریب اس طرح کے اضافے کی امید ظاہر کی ہے۔ محترمہ سیتارمن واشنگٹن میں عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی سالانہ میٹنگوں کے ساتھ ساتھ جی۔ 20 ممالک کے وزرائے مالیات اور مرکزی بینکوں کے گورنر (ایف ایم سی بی جی) کی میٹنگ میں حصہ لینے کے لئے اس وقت ایک ہفتے کے طویل دورے پر امریکہ میں ہیں۔


# جسٹس پرشانت کمار مشرا نے چیف جسٹس کا حلف لیا



**حیدرآباد (یو این آئی)** آندھراپردیش ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کے طور پر جسٹس پرشانت کمار مشرا نے حلف لیا۔ وجے واڑہ کے تُملاپلی کلاکشیتر میں منعقدہ تقریب میں گورنر وشوا بھوشن ہری چندن نے ان کو حلف دلایا۔ اس پروگرام میں وزیراعلیٰ وائی ایس جگن موہن ریڈی، بیشتر ججز اور دیگر نے شرکت کی۔ بعد ازاں جسٹس مشرا کو گورنر نے گلدستہ پیش کرتے ہوئے مبارکباد پیش کی۔ جسٹس مشرا کی پیدائش 29 اگست 1964 کو چھتیس گڑھ کے رائے گڑھ میں ہوئی تھی۔ انہوں نے بلاس پور کی گروگھاسی داس یونیورسٹی سے بی ایس سی، ایل ایل بی کی ڈگری حاصل کی۔ جنوری 2005 میں انہیں چھتیس گڑھ ہائی کورٹ کا سینئر وکیل بنایا گیا۔ انہوں نے اُس ریاست کے بار کونسل کے صدر نشین کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ انہوں نے ریاست کے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔ بعد ازاں وہ ایڈووکیٹ جنرل بنائے گئے۔ 10 دسمبر 2009 میں ان کو چھتیس گڑھ ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا گیا۔ انہوں نے بعد ازاں کارگزار چیف جسٹس کے طور پر بھی ذمہ داری سنبھالی تھی اور اب ان کو اے پی ہائی کورٹ کا چیف جسٹس مقرر کیا گیا ہے۔


کروز ڈرگس معاملہ

# آرین کی ضمانت کی عرضی پر سماعت آج



**ممبئی (یو این آئی)** کروز ڈرگس معاملے میں گرفتار بالی وڈ اداکار شاہ رخ خان کے بیٹے آرین خان کی ضمانت کی عرضی پر ممبئی کی خصوصی عدالت جمعرات کو بھی سماعت کرے گی۔ واضح رہے کہ ممبئی کے نزدیک کروز پر نارکوٹکس کنٹرول بیورو (این سی بی) کے چھاپے کے دوران آرین خان اور دیگر لوگوں کو نارکوٹکس کنٹرول بیورو نے 3 اکتوبر کو گرفتار کیا تھا۔ این سی بی نے بدھ کو عدالت میں سماعت کے دوران آرین کو ضمانت پر رہا کئے جانے کی سخت مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ملزمین کا تعلق ڈرگس مافیا سے ہے۔

# کشمیر کبھی پاکستان کا حصہ نہیں بنے گا: فاروق عبداللہ



**سری نگر (یو این آئی)** نیشنل کانفرنس کے صدر و رکن پارلیمان ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ کشمیر کبھی بھی پاکستان کا حصہ نہیں بنے گا۔ انہوں نے یہ بات بدھ کو یہاں گردوارہ شہید بنگا صاحب باغات برزلہ میں مہلوک اسکول پرنسپل سپندر کور کے انتم ارداس کے موقعے پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔ فاروق عبداللہ نے سپندر کور کی ہلاکت کی مذمت کرتے ہوئے کہا: 'ہم نے ان درندوں کا مقابلہ کرنا ہے۔ کشمیر کبھی پاکستان کا حصہ نہیں بنے گا۔ یہ بات آپ یاد رکھیں۔ کشمیر بھارت کا حصہ ہے اور حصہ رہے گا چاہے کچھ بھی ہو جائے۔ کیوں نہ مجھے بھی گولی ماری جائے'۔ ان کا مزید کہنا تھا: 'ہم نے حوصلہ رکھنا ہے۔ ان کا مقابلہ کرنا ہے۔ صرف آپ نے نہیں بلکہ ہم سب کو کرنا ہے۔ جب سب بھاگ گئے تو ایک قوم تھی جو یہیں رہی وہ آپ کی تھی۔ ہمیں یہاں رہنا ہے اور یہیں مرنا ہے۔ مجھے آپ پر فخر ہے۔ آپ نے تب مجھے حوصلہ دیا اُس وقت'۔ بعدازاں فاروق عبداللہ نے نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں، ہندوؤں، سکھوں اور عیسائیوں کو مضبوطی کے ساتھ کھڑا رہنا ہوگا یہی ہماری کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایک طوفان بپا ہے جس میں لوگوں کو مذہب کے نام پر تقسیم کیا جا رہا ہے۔ اگر اس طوفان کو نہیں روکا گیا تو ہندوستان تباہ ہو جائے گا۔ فاروق عبداللہ نے کہا: ' سارے ہندوستان میں ایک طوفان بپا ہے اور مسلمانوں، ہندوؤں، سکھوں کو بانٹا جا رہا ہے بانٹنے کی اس سیاست کو بند کرنا ہوگا اگر اس کو بند نہیں کیا گیا تو ہندوستان بھی نہیں بچے گا ہم سب کو اکٹھے ہو کر رہنا ہے'۔ کشمیر میں ہونے والی شہری ہلاکتوں کے بارے میں ان کا کہنا تھا: ' ہمیں ان کا مقابلہ کرنا ہے، ہمت نہیں ہارنی ہے ان سے ڈرنا نہیں ہے، یہ لوگ کبھی بھی کامیاب نہیں ہوں گے'۔ دیویندر سنگھ رانا اور سرجیت سنگھ سلاتھیا کے پارٹی سے مستعفی ہونے کے بارے میں پوچھے جانے پر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا: ' جماعت میں لوگ آتے جاتے رہتے ہیں یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے'۔ واضح رہے کہ 7 اکتوبر کی صبح بائز ہائر سیکنڈری سکول عیدگاہ سری نگر کے احاطے میں نامعلوم اسلحہ برداروں نے اسکول پرنسپل سپندر کور ساکن آلوچی باغ سری نگر اور ان کے ایک ساتھی دیپک چند ساکن جموں کو گولیاں برسا کر ابدی نیند سلا دیا تھا۔ نیشنل کانفرنس کے ایک ترجمان نے بتایا کہ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے گردوارہ شہید بنگا صاحب باغات برزلہ کے دورے کے دوران لواحقین کی ڈھارس بندھائی۔ اُن کے ہمراہ پارٹی کے صوبائی صدر ناصر اسلم وانی، ٹریجر رسردار شمی او برائے، اقلیتی سیل کے کنوینیر جگدیش سنگھ آزاد اور تنویر صادق بھی تھے۔ فاروق عبداللہ نے آنجہانی کور کو خراج عقیدت پیش کیا اور اُن کے لواحقین کے ساتھ شریک غم ہونے کا اظہار بھی کیا ہے۔

# ’ریل ہو یا جہاز حکومت سب کچھ بیچ دینا چاہتی ہے‘


## بندیل کھنڈ میں تیل و سرسوں کا پلانٹ لگایا جائے گا، وجے رتھ یاترا میں اکھلیش یادو نے دوسرے دن بھی حکومت کو بنایا ہدف تنقید



**جالون/ہمیرپور (ایس این بی)** سماجوادی پارٹی کی وجے رتھ یاترا جالون پہنچی جہاں پر سماجوادی پارٹی کے قومی صدر اکھلیش سنگھ یادو نے کہا کہ بی جے پی کو پہلے پھینکو سرکار کہا جاتا تھا لیکن اب یہ بیچو سرکار رہے۔ بندیل کھنڈ کے لوگوں نے اسمبلی اور پارلیمنٹ کی سبھی سیٹوں پر بی جے پی کو فتح دلائی لیکن بدلے میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے کچھ نہیں دیا۔ ووٹ کی چوٹ سے سبق سکھانا ہے اور اس بار سماجوادی کی سرکار بنانی ہے۔

صبح 11 بجے ہمیر پور سے ایس پی کی وجے رتھ یاترا جالون کی طرف روانہ ہوئی۔ راستے میں پارٹی کارکنوں نے زبردست استقبال کیا اور نعرے لگائے۔ دوپہر رتھ یاترا جالون کے ٹھکرانٹر کالج پہنچی جہاں سے عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے اکھلیش سنگھ یادو نے جم کر بھارتیہ جنتا پارٹی کو نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی بیچو سرکار ہوگئی ہے۔ سب کچھ فروخت کر دینا چاہتی ہے چاہے وہ ریل ہو یا جہاز۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی طرح سب فروخت کرنے پر لگ گئی ہے۔ کچھ برسوں کے بعد ایسا نہ ہو کہ حکومت بھی کمپنی بن جائے۔ نوجوانوں کو پکوڑا تلنے کا روزگار دینے والی بی جے پی حکومت کے زمانہ میں تیل بھی 200 روپے لیٹر ہے۔ پٹرول سے بھی زیادہ مہنگا ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرول ڈیزل کی بڑھتی قیمتیں عام آدمی کے ساتھ ساتھ کسان اور غریب کی جیب پر بوجھ ڈال رہی ہیں۔ آج پٹرول 102 روپے لیٹر مل رہا ہے۔ یہ کیا بی جے پی حکومتوں کو دکھائی نہیں دے رہا ہے۔ حقیقت میں انہیں سب کچھ دکھ رہا ہے مگر مہنگائی سے کراہتے عوام کی پکار نہیں سنائی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایس پی کی سرکاری بنتی ہے تو وہ تل اور سرسوں کے تیل کا سرکاری پلانٹ لگائے گی اور اس کو برانڈ بنائے گی تاکہ بیرون ملک سے سرسوں کے تیل میں جو ملاوٹ آرہی ہے وہ روک کر اپنے غریب عوام کو خالص سرسوں کا تیل مل سکے۔ اکھلیش رتھ لے کر جب جالون میں داخل ہوئے تو وہاں پر کثیر تعداد میں لوگوں کو دیکھ کر کہا کہ یہ تاریخی مجمع ہے۔ انہوں نے کسانوں کے مسائل بھی اٹھائے اور سوال وجواب کے طرز پر کہا کہ بی جے پی کہا کرتی تھی کہ کسانوں کی آمدنی دوگنی کریں گے لیکن حکومت نے ایسا قانون بنا دیا جس سے کسانوں کی کھیتی بھی چھن جائے گی۔ کالپی میں سولر پلانٹ لگوائے گئے تھے لیکن بی جے پی حکومت نے اسے بند کروا دیا۔ کورونا کے وقت حکومت عوام کو دوائیں وآکسیجن بھی مہیا نہیں کراپائی۔ ہمیر پور کے کرارا میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بندیل کھنڈ میں ڈیفنس کاریڈور کے نام پر لوگوں کی زمین تحویل میں لی گئی لیکن ابھی تک گولہ بارود کی فیکٹری نہ چالو ہو پائی۔ سُتلی کے بم کی طرح پھس ہوگئی۔ اگر کوئی مخالفت کرے تو لکھیم پور کھیری جیسا واقعہ یا بابا اسے جیل بھیج دیتے ہیں۔ ایس پی نے سبھی اضلاع میں کسانوں کیلئے منڈیاں بنائیں اور یہ جو ہلو پورو ہمیر پور جو سب سے خراب سڑک تھی اس کو سماجوادی حکومت نے تعمیر کرائی اس کی بھی دیکھ بھال ٹھیک سے نہیں کر پا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سماجوادی حکومت کے وقت چلائی گئی ایمبولنس کام آئی۔ انہوں نے کسانوں اور نوجوانوں سے خوشحالی لانے کا وعدہ کیا۔

# راجناتھ خواتین کے رول پر ویبینار سے خطاب کریں گے



**نئی دہلی (یو این آئی)** مسلح افواج میں خواتین کو روز بہ روز دیے جانے والے نئے کرداروں کے درمیان وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ جمعرات کو شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے ایک ویبینار سے خطاب کریں گے جس میں مسلح افواج میں خواتین کے رول پر تفصیل سے بات چیت کی جائے گی۔ وزارت دفاع کے زیر اہتمام اس ویبینار میں مسٹر سنگھ افتتاحی خطاب کریں گے جبکہ چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل بپن راوت استقبالیہ خطاب کریں گے۔ ایس سی او کے رکن ممالک کے مندوبین اپنے تجربات بھی شیئر کریں گے جس سے پالیسی سازوں اور ان سے وابستہ لوگوں کو اس موضوع پر اہم معلومات ملے گی۔ ویبینار کا پہلا سیشن ’جنگی کارروائیوں میں خواتین کے کردار پر تاریخی نقطہ نظر‘ پر ہوگا جس کی صدارت انٹیگریٹڈ ڈیفنس اسٹاف (میڈیکل) لیفٹیننٹ جنرل مادھوری کانتکر کریں گی۔ ہندوستان کے علاوہ چین، قزاقستان اور کرغزستان کے مقررین اس سیشن میں اپنے تجربات شیئر کریں گے۔ دوسرے سیشن کی صدارت سابق خارجہ سیکرٹری محترمہ نروپما راؤ مینن کریں گی اور اس سیشن کا موضوع ’جنگوں میں نئے رجحانات اور خواتین جنگجوؤں کے ممکنہ کردار‘ ہوگا۔ اس میں پاکستان، روس، تاجکستان اور ازبکستان کے نمائندے اپنے خیالات پیش کریں گے۔ یہ کانفرنس گزشتہ سال ویڈیو کانفرنس کی بجائے بذات خود موجود ہونے پر منعقد کی جانی تھی، تاہم کووڈ وبا کی وجہ سے اس وقت اس کا اہتمام نہیں کیا جا سکا۔ کانفرنس میں اختتامی خطاب انٹیگریٹڈ ڈیفنس اسٹاف اور چیف آف اسٹاف کمیٹی کے چیئرمین ائیر مارشل بی کے کرشنا کریں گے۔ وزارت دفاع اور فوج کے اعلیٰ حکام بھی ویبینار میں شرکت کریں گے۔ مسلح افواج میں خواتین کے رول کو تسلیم کرتے ہوئے ہندوستان نے انہیں اس میں ایک اہم مقام دیا ہے۔ اس بات کو ذہن میں رکھتے ہوئے حکومت نے پچھلے سات سالوں میں اس طرح کے کئی اقدامات کیے ہیں جن سے مسلح افواج میں خواتین کے لیے مواقع کے دروازے کھل گئے ہیں۔ فوج، بحریہ اور فضائیہ میں خواتین کی شرکت مسلسل بڑھ رہی ہے۔

آسام میں مدارس بند کرنے کا معاملہ

# عبدالقیوم انصاری کے میمورنڈم پر حکومت آسام کو نوٹس

**نئی دہلی (یو این آئی)** بہار مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کے چیئرمین اور آل انڈیا اقلیتی تعلیمی بورڈ کے سربراہ عبدالقیوم انصاری کی آسام میں سرکاری مدارس کو بند کئے جانے کے خلاف قومی اقلیتی کمیشن (این سی ایم) کو توجہ دلانے پر این سی ایم نے آسام حکومت کو اس ضمن میں نوٹس جاری کر کے جواب طلب کیا ہے۔ اقلیتی کمیشن نے چیف سکریٹری حکومت آسام کے نام جاری نوٹس میں کہا ہے کہ آل انڈیا اقلیتی تعلیمی بورڈ کی طرف سے آسام حکومت کے سرکاری مدارس کو بند کئے جانے کے سلسلے میں میمورنڈم موصول ہوا ہے۔ اس ضمن میں این سی ایم نے حکومت آسام سے درخواست کی ہے کہ اس کی صحیح صورت حال اور اسٹیٹس رپورٹ سے قومی اقلیتی کمیشن کو واقف کرایا جائے۔ این سی ایم نے این سی ایم ایکٹ کے تحت حاصل اختیارات کے تحت یہ نوٹس جاری کیا ہے۔ مسٹر انصاری نے گزشتہ دنوں قومی اقلیتی کمیشن کے چیئرمین سے ملاقات کر کے اس جانب توجہ مبذول کرائی تھی اور کہا تھا کہ یہ اقلیتوں کی تعلیم کرنے کے حق کے خلاف ہے۔ ساتھ ہی کہا تھا کہ اس ضمن میں انہوں نے حکومت آسام کے فیصلے کے خلاف گوہاٹی کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹایا ہے۔ واضح رہے کہ حکومت آسام نے تمام سرکاری مدارس کو بند کرنے کا حکم جاری کر دیا تھا اور بہت سے بند بھی کیے گئے تھے۔ جس کے خلاف بہار مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کے چیئرمین عبدالقیوم انصاری نے گوہاٹی ہائی کورٹ سے رجوع بھی کیا ہے۔ ساتھ ہی کئی فریقوں نے حکومت آسام کے فیصلے کے خلاف عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا ہے۔ دریں اثنا گوہاٹی ہائی کورٹ نے وہاں کے متعدد فریق کی رٹ پٹیشن پر حکومت آسام کے فیصلے پر مارچ 2022 تک کیلئے روک لگادی ہے۔

# پٹرول اور ڈیزل مسلسل دوسرے دن ریکارڈ سطح پر مستحکم



**نئی دہلی (یو این آئی)** بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتیں اونچی سطح پر رہنے سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں آج ملک میں مسلسل دوسرے دن مستحکم رہیں۔ پیر کو مسلسل ساتویں دن پٹرول 30 پیسے فی لیٹر اور ڈیزل 35 پیسے فی لیٹر مہنگا ہوا تھا۔ اس اضافے کے بعد دہلی میں پٹرول بھی 104.44 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 93.17 روپے فی لیٹر تک پہنچ گیا۔ ممبئی میں پٹرول 110.38 روپے اور ڈیزل 101 روپے فی لیٹر ہے۔ فی الحال ملک کے بیشتر بڑے شہروں میں پٹرول کی قیمت 100 روپے فی لیٹر سے تجاوز کرچکی ہے اور ڈیزل بھی سنچری کی طرف بڑھ رہا ہے۔ اس ماہ 4 اکتوبر کو چھوڑ کر پچھلے 11 میں سے 10 دنوں میں پٹرول 2.80 روپے مہنگا ہو گیا جبکہ اسی عرصے میں ڈیزل بھی 3.30 روپے فی لیٹر بڑھ گیا ہے۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں خام تیل اب بھی اونچا رہا۔ منگل کو امریکہ میں خام تیل میں اتار چڑھاؤ کا رجحان دیکھا گیا۔ اس دوران برینٹ کروڈ 0.23 ڈالر کی کمی سے 83.42 ڈالر فی بیرل پر بند ہوا جبکہ امریکی خام تیل 0.10 ڈالر بڑھ کر 80.52 ڈالر فی بیرل پر پہنچ گیا۔ ملک کی سرخیل آئل مارکیٹنگ کمپنی انڈین آئل کارپوریشن کے مطابق دہلی میں پٹرول 104.44 روپے فی لیٹر اور ڈیزل 93.17 روپے فی لیٹر فروخت ہو رہا ہے۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کا روزانہ جائزہ لیا جاتا ہے اور اسی بنیاد پر ہر روز صبح 6 بجے سے نئی قیمتوں کا اطلاق ہوتا ہے۔

# بی جے پی بدلے کی سیاست کر رہی ہے: شرد پوار



**ممبئی (یو این آئی)** نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (این سی پی) کے سربراہ شرد پوار نے بدھ کے روز بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی زیر قیادت مرکزی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بھگوا پارٹی انتقام کی سیاست میں ملوث ہے۔ مسٹر پوار نے یہاں نامہ نگاروں کو بتایا کہ بی جے پی کی زیر قیادت مرکزی حکومت انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ، انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ، سنٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن، نارکوٹکس کنٹرول بیورو اور ایسی دیگر ایجنسیوں کا ملک بھر میں سیاسی انتقام لینے کے لیے غلط استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا مرکزی حکومت اپنی طاقت کا استعمال کر کے نہ صرف قوم پرست کانگریس پارٹی کے رہنماؤں کو نشانہ بنا رہی ہے بلکہ زیادہ تر سینئر سیاستدان اس کے نشانے پر ہیں۔ ایسی چیزیں پہلے کبھی نہیں ہوئیں۔ سینئر لیڈر نے کہا کہ میں نے سیاست میں 54 سال مکمل کر لیے ہیں۔ مرکزی اور ریاستی حکومتوں میں مختلف عہدوں پر کام کیا ہے۔ ہم نے اس طرح بھید بھاؤ والی حکومت کے طور پر کبھی کام نہیں کیا۔ چار بار مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ رہے مسٹر پوار نے کہا کہ ایجنسی کے افسران مہمانوں کی طرح ہوتے ہین، انہیں قواعد کے مطابق کام کرنا چاہیے۔ لکھیم پور کھیری پر تشدد واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات افسوسناک ہیں۔ اترپردیش حکومت نے اس واقعہ کے چھ دن گزر جانے کے بعد بھی کچھ نہیں کیا۔ سپریم کورٹ کے معاملے کا نوٹس لینے کے بعد ہی حکومت نے کارروائی شروع کی۔ انہوں نے کہا کہ اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کو اس واقعہ کی ذمہ داری لینی چاہیے کیونکہ مجرموں نے کسانوں کو قتل کیا ہے۔

# ڈی ایم کے کی جیت بہتر حکمرانی کی علامت: اسٹالن



**چنئی (یو این آئی)** تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن نے بدھ کے روز کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں نو اضلاع میں پارٹی کی شاندار جیت ریاست میں گزشتہ 5 ماہ میں بہتر حکمرانی کی علامت ہے۔ مسٹر اسٹالن نے یہاں جاری ایک پریس ریلیز میں عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی انتخابات کے بعد عوام نے اب بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی بہتر پالیسیز پر اعتماد کیا ہے اور ان انتخابات میں پارٹی کو مضبوط مینڈیٹ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ شاندار جیت گزشتہ 5 ماہ میں پارٹی کی محنت اور عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان انتخابات میں پارٹی کی شاندار فتح ڈی ایم کے پر عوام کا اعتماد ظاہر کرتی ہے اور جب ہم نے اقتدار سنبھالا تو مئی میں ریاست میں کورونا اپنے عروج پر تھا۔ ایک طرف کورونا سے پیدا ہونے والی ہیلتھ ایمرجنسی تھی اور دوسری طرف ریاست کے سامنے شدید مالی بحران تھا لیکن حکومت دونوں کو بہتر طریقے سے کنٹرول کرنے میں کامیاب رہی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس وقت موقع کی نزاکت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم لوگوں کی ضروریات کو جانتے تھے اور انہی کے مطابق عمل کیا۔ مالی بحران کے باوجود ہم نے انتخابات کے دوران کیے گئے 200 سے زائد وعدے پورے کیے۔ اسٹالن نے کہا کہ نو اضلاع میں بلدیاتی انتخابات میں پارٹی کی جیت اس کی محنت اور اچھی حکمرانی کا نتیجہ ہے اور پچھلے 5 ماہ میں لوگوں کا پارٹی پر اعتماد بڑھا ہے۔ تمام امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جن کاموں کو عام طور پر مکمل ہونے میں 5 سال لگتے تھے وہ اب 5 ماہ میں مکمل ہو چکے ہیں۔

ترال تصادم میں

# جیش محمد کا اعلیٰ کمانڈر ہلاک

**سری نگر (یو این آئی)** جنوبی کشمیر کے قصبہ ترال کے واگڈ علاقے میں سیکورٹی فورسز اور جنگجوؤں کے درمیان جاری تصادم میں جیش محمد نامی جنگجو تنظیم سے وابستہ ایک اعلیٰ کمانڈر ہلاک ہوا ہے۔ کشمیر زون پولیس کے انسپکٹر جنرل وجے کمار نے اپنے ایک ٹویٹ میں کہا کہ ترال تصادم میں جیش محمد نامی جنگجو تنظیم سے وابستہ ایک اعلیٰ کمانڈر ہلاک ہوا ہے۔ انہوں نے مہلوک کمانڈر کی شناخت شام صوفی کے بطور کی۔ قبل ازیں سرکاری ذرائع نے بتایا کہ جنگجوؤں کے چھپنے کی مصدقہ اطلاع موصول ہونے پر فوج کی 42 آر آر، سی آر پی ایف اور جموں وکشمیر پولیس کی ایک مشترکہ ٹیم نے بدھ کے روز ترال کے تلوانی محلہ واگڈ کو محاصرے میں لے کر تلاشی آپریشن شروع کر دیا۔

## اقوال زرّیں

- اچھی بات کوئی بھی کہے تو اسے پلو سے باندھ لو، کیوں کہ جب کسی موتی کی قیمت معلوم کی جاتی ہے، تب کوئی نہیں پوچھتا کہ اسے سمندر سے نکالنے والا کون تھا۔
- انسان سخت مزاج اس وقت بنتا ہے جب بہت سارے لوگ اس کی نرمی کا غلط فائدہ اُٹھا چکے ہوتے ہیں۔
- نیکیاں کرتے جاؤ، دریا میں ڈالتے جاؤ، جب کبھی زندگی میں کوئی طوفان آیا تو یہی نیکیاں کشتی بن جائیں گی۔
- اپنے محبت کرنے والوں سے اتنی شکایتیں نہ رکھیں کہ آپ کی شکایتیں دور کرتے کرتے ایک دن وہی آپ سے دور ہوجائیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا
ROZNAMA RASHTRIYA SAHARA NEW DELHI

## بچوں کے لیے ویکسین

**ہندوستان** سمیت پوری دنیا گزشتہ تقریباً دو برسوں سے کووڈ-19 کی زد میں ہے اور اب تک اس مہلک وبا سے بے شمار افراد لقمۂ اجل بن چکے ہیں۔ دنیا کی تمام حکومتیں اس وبا سے نجات پانے کے لیے اپنے اپنے طور پر کوششیں کرتی رہیں اور طویل جدوجہد کے بعد کورونا سے بچاؤ کے لیے کووی شیلڈ کی شکل میں سائنسدانوں نے ایک ویکسین تیار کی جس کے بعد ہندوستان سمیت پوری دنیا میں ویکسی نیشن کا آغاز ہوا۔ ہندوستان میں بھی وسیع پیمانے پر لوگوں کو ٹیکے لگانے کے لیے مہم چلائی گئی۔ پہلے 45 برس سے زائد عمر کے لوگوں کی ٹیکہ کاری کا آغاز ہوا پھر اس مہم میں +18 کی آبادی کو بھی شامل کیا گیا۔ اسی طرح کووی شیلڈ کے بعد کوویکسین کو بھی منظوری مل گئی۔ اعداد وشمار کے مطابق اب تک ملک کے کروڑوں افراد کو کورونا کے خلاف ویکسین کی ڈوز دی جاچکی ہے۔ ان میں بیشتر دونوں ڈوز لے چکے ہیں جبکہ کچھ کو ابھی دوسری ڈوز دی جانی ہے۔

اٹھارہ برس سے زائد عمر کے لوگوں کی ویکسی نیشن کا سلسلہ ملک گیر پیمانے پر بدستور جاری ہے لیکن اکتوبر ماہ میں اس کی رفتار کچھ سست ہوئی ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ 18 برس سے زائد عمر کے بیشتر لوگوں کو ویکسین کی ڈوز دی جاچکی ہے۔ ہندوستان سمیت پوری دنیا میں بچوں کو لے کر تشویش پائی جاتی ہے اور دوسری لہر (جس میں بے شمار افراد موت کی آغوش میں چلے گئے) کے بعد تیسری لہر آنے کی پیش گوئی بھی کی جاتی رہی ہے اور ابھی بھی ذمہ داروں کی جانب سے بتایا جارہا ہے کہ کورونا کنٹرول میں ہے لیکن ختم نہیں ہوا ہے۔ 18 برس سے کم عمر کے بچوں کے لیے کووی شیلڈ اور کوویکسین کی ڈوز کی منظوری نہیں ہے، اس لیے سائنسدانوں کو تشویش لاحق تھی کہ اگر تیسری لہر آئی تو اس سے بچے وسیع پیمانے پر متاثر ہوسکتے ہیں اور بچوں کے لیے ویکسین بنانے کا عمل جاری تھا۔ اب ایک خوش آئند خبر آئی ہے کہ دو سے اٹھارہ برس کے بچوں کے لیے کورونا کے خلاف ٹیکہ تیار ہوچکا ہے۔ بھارت بایوٹیک نے ملک میں تیار ٹیکے کو ویکسین کو دو سے اٹھارہ برس کے بچوں کے لیے ایمرجنسی استعمال کی اجازت بھی دے دی ہے اور ڈرگ کنٹرولر جنرل آف انڈیا (ڈی سی جی آئی) کی منظوری کے بعد ویکسین کو بچوں کے لیے قومی ٹیکہ کاری مہم میں شامل کرلیا جائے گا۔ بچوں کے لیے تیار کی گئی انسداد کورونا ٹیکہ کو-ویکسین کو بھارت بایوٹیک نے سینٹرل ڈرگ اسٹینڈرڈ کنٹرول آرگنائزیشن کو دیا تھا۔ بچوں کی ویکسین کا مطالعہ کرنے کے بعد ایس ای سی نے اسے منظوری دینے کی سفارش کی ہے جو یقیناً ایک خوش آئند خبر ہے۔ وزارت صحت کے ایک اعلیٰ افسر کے مطابق کو-ویکسین کو منظوری ملنے کے بعد بچوں کے لیے وسیع پیمانے پر ٹیکہ کاری مہم چلائی جاسکتی ہے۔ خبروں کے مطابق ملک میں 7.5 کروڑ ڈوز سے زائد کو-ویکسین کی پیداوار کا امکان ہے اور اس میں نومبر کے بعد تیزی آئے گی۔ بھارت بایوٹیک نے انسداد کورونا ٹیکہ کے تیسرے مرحلہ کا ٹرائل مکمل کرلیا ہے اور اب اس کے ایمرجنسی استعمال کے لیے ڈرگ کنٹرولر جنرل کی منظوری کا انتظار ہے۔ امید ہے کہ جلد ہی دو سے اٹھارہ برس کے بچوں کے لیے ملک میں تیار کی گئی انسداد کورونا ویکسین 'کو-ویکسین' کو منظوری مل جائے گی اور بچوں کے لیے ملک گیر پیمانے پر ٹیکہ کاری مہم شروع کردی جائے گی جس کے بعد تیسری لہر میں وسیع پیمانے پر بچوں کے کورونا سے متاثر ہونے کا خطرہ ٹل جائے گا جو یقینی طور پر ایک خوش آئند خبر ہے۔

اس سے قبل چائلڈ کینڈیلا کی سودیشی ویکسین کو 12 سے 18 برس تک کے بچوں کے لیے منظوری مل چکی ہے لیکن دو سے اٹھارہ برس کے بچوں کے لیے کو-ویکسین کو منظوری دینے کی سفارش خوش آئند خبر ہے اور امید ہے کہ اسے جلد ہی منظوری مل جائے گی۔

edit2sahara@gmail.com

# اسکول تو ہیں لیکن ٹیچر نہیں



**جگموہن سنگھ راجپوت**

جائزہ

**یونیسکو** نے ایک مرتبہ پھر ہندوستان میں تعلیم کی حالت زار اور ٹیچروں کی کمی سے متعلق تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یہ کمی اتنے برسوں سے چل رہی ہے کہ جب جب ایسے سروے اور تجزیے ملک کے سامنے آتے ہیں تو اس میں کوئی نئی بات نہیں لگتی۔ کسی بھی سسٹم کی رفتار جب ڈھیلی ہوجاتی ہے، تب اس کی بڑی سے بڑی کمی اور کمزوری کا بھی جنرلائزیشن ہوجاتا ہے اور اسے ناقابل حصول ہدف کی شکل میں غیر تحریری طور پر قبول کرلیا جاتا ہے۔ تعلیم آئین کی concurrent list میں ہے۔ اسکولوں اور ریاستوں کی یونیورسٹیوں و کالجوں میں ٹیچروں کی تقرریوں کی ذمہ داری ریاستی حکومتوں کی ہے۔ مرکزی حکومت یا اس کے ذریعہ قائم مرکزی ریگولیٹری ادارے صرف ضروری ہدایات دے سکتے ہیں، لیکن ان پر عمل کرنا وفاقی نظام میں ریاست کا حق ہے، مرکز اس میں مداخلت نہیں کرسکتی۔

آزادی کے بعد ملک میں تعلیم کا جتنا فروغ ہوا ہے، اسے مشکل حالات میں حاصل کی گئی بڑی حصولیابی سمجھا جانا چاہیے۔ آج ایسا کوئی طبقہ نہیں ہے جو اپنے بچوں کو اچھے اسکول میں نہ پڑھانا چاہتا ہو، لیکن بدقسمتی سے سسٹم اس کا ساتھ دینے میں کمزور پڑگیا ہے۔ سسٹم کی حساسیت کا سب سے بڑا برا نتیجہ سرکاری اسکول کی متاثر ہوتی ساکھ ہے۔ یہ ملک کے دانشورانہ اثاثہ میں اضافہ میں بڑا رخنہ ہے۔ اکیسویں صدی میں کوئی بھی مہذب اور الرٹ ملک اپنے پچاس فیصد سے زائد بچوں کے پرسنالٹی ڈیولپمنٹ کے مواقع سے محروم رکھ کر ترقی نہیں کرسکتا ہے۔ جن اسکولوں میں طلبا-اساتذہ کا تناسب صحیح نہیں ہوگا، وہاں سے بچے صرف سرٹیفکیٹ ہی حاصل کرتے ہیں اور ضروری نالج، ہنر اور پرسنالٹی ڈیولپمنٹ سے محروم رہ جاتے ہیں۔ ایک لاکھ اسکولوں میں صرف ایک ٹیچر اور 11 لاکھ اساتذہ کے عہدوں کا خالی ہونا ملک میں ہی نہیں، بین الاقوامی سطح پر بھی شرمناک سمجھا جانا چاہیے۔ ہندوستان آج اتنا بغیر وسائل کا ملک تو نہیں ہے کہ وہ بچوں کے لیے تعلیم کے مناسب انتظامات کرنے سے قاصر ہو۔

ٹیچروں کی کمی کے مسئلہ کی جڑیں کافی گہری ہیں۔ اس کے لیے کون اور کتنا ذمہ دار ہے، یہ کوئی پوشیدہ حقیقت نہیں ہے۔ الہ آباد ہائی کورٹ نے 19 اگست، 2015 کو ایک آرڈر میں کہا تھا کہ اترپردیش کے چیف سکریٹری اگلے 6 ماہ میں منصوبہ تیار کریں کہ کیسے سرکاری خزانہ سے تنخواہ لینے والے ہر شخص کے بچے صرف سرکاری اسکولوں میں پڑھیں گے! سبھی جانتے ہیں کہ ایسا ہوگا نہیں، کیوں کہ متحد ہوکر اشرافیہ اور سرکاری سسٹم اسے ہونے نہیں دیں گے! اور ایسا ہی ہوا۔ یہی طبقہ سرکاری اسکولوں کی موجودہ صورت حال، ساکھ کی کمی اور عوام کے عدم اعتماد کے لیے پوری طرح جواب دہ ہے۔ جب ایلیٹ کلاس کے بچوں کے لیے پرائیویٹ اسکول دستیاب ہیں اور وہاں پڑھانے کے لیے تعلیمی الاؤنس کا التزام دستیاب ہے تو پھر یہ طبقہ سرکاری اسکولوں کی فکر کیوں کرے گا!

نئی تعلیمی پالیسی-2020 پر عمل درآمد کے وقت اس سچائی کو قبول کرنا سبھی کے اور ملک کے مفاد میں ہوگا۔ نئی تعلیمی پالیسی اعتماد دلاتی ہے کہ ہر بچے کو ایسے اسکول میں تعلیم ملے گی جہاں بنیادی سہولتیں ہوں گی، مناسب طلبا-اساتذہ تناسب میں پرمانٹ، باضابطہ اور تربیت یافتہ ٹیچرس ہوں گے۔ صورت حال یہ ہے کہ گزشتہ چار دہائیوں سے کئی ریاستوں نے باضابطہ پرمانٹ ٹیچروں کی جگہ مختلف عہدوں سے پارٹ ٹائم-غیر مستقل ٹیچر تھوڑے سے معاوضہ پر مقرر کرنے کا چلن بنالیا۔ اس سے باضابطہ ٹیچروں کے ریٹائرڈ ہونے کے ساتھ باقاعدہ پوسٹ خالی ہوتی گئیں۔ نوکرشاہی کو یہ سسٹم بہت راس آیا۔ جب کوئی ملک تعلیم جیسے اہم اور حساس ٹاپک پر فیصلہ صرف نوکرشاہوں پر چھوڑ دیتا ہے، تب ایسے مہلک حالات پیدا ہوتے ہیں۔ ملک میں آہستہ آہستہ تعلیمی اور اکیڈمک قیادت کی جگہ پر سول سروس کے افسر اسکول بورڈ، ٹیکسٹ بک بورڈوں، نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ (این سی ای آر ٹی) جیسے اداروں میں اعلیٰ عہدوں پر فائز ہونے لگے۔ یہ کیوں ہوتا گیا، اسے جاننا بہت ضروری ہے۔ کیا ہندوستان کی سول سروس یہ ذمہ داری قبول کرے گی کہ آج اساتذہ کی تقرریوں کے حوالہ سے جو تضادات پیدا ہوئے ہیں، اس کی ذمہ داری صرف اس کی اور اس کی ہی ہے؟

ٹیچروں کی تقرری، پوسٹنگ اور تربیت سے متعلق متعدد مسائل وقت وقت پر توجہ اپنی جانب مبذول کرتے رہے ہیں۔ 1986 میں بنی قومی تعلیمی پالیسی کو نافذ کرتے وقت یہ طے ہوا تھا کہ ملک میں کوئی بھی ایسا اسکول نہیں ہوگا جس میں کم سے کم دو ٹیچر نہ ہوں۔ 'آپریشن بلیک بورڈ' نام کے پروجیکٹ کے تحت مرکزی حکومت نے سبھی ریاستی حکومتوں سے اعداد وشمار طلب کیے اور اس کی بنیاد پر تقریباً ساڑھے پانچ لاکھ پرائمری اسکولوں کی بلڈنگوں کی تعمیر، تدریسی مواد وغیرہ کے ساتھ ایک لاکھ چونتیس ہزار ٹیچروں کی تقرری کے لیے رقم مہیا کرائی۔ پیسہ تو مرکز کا تھا، مگر سارے کام تو ریاستی حکومتوں کو ہی کرنے تھے، جن میں ٹیچروں کی تقرری، اسکولوں میں کمرے بنوانا، ٹیچنگ میٹریل کی خرید جیسے کام شامل تھے۔ لیکن کچھ برس بعد زیادہ تر ریاستوں کو جانچ کمیٹیاں بنانے کے لیے مجبور ہونا پڑا اور سارے پروجیکٹ اہداف سے دور ہوتے چلے گئے۔ مثال کے طور پر مدھیہ پردیش کے ٹیکم گڑھ بلاک میں ٹیچروں کے ایک ٹریننگ پروگرام میں چرچا کے دوران جب یہ جاننے کی کوشش کی گئی کہ 'سیکنڈ ٹیچر' کی تقرری سے دیہی اسکولوں میں کتنا مثبت اثر پڑا، تو ایسے ٹیچروں کی شہروں میں ہی تقرری کردی۔ یعنی کاغذوں میں 208 اسکولوں میں دو ٹیچر تھے، مگر حقیقت میں وہ وہاں نہیں تھے جہاں ان کی ضرورت تھی! ان کی تنخواہ اس اسکول سے ملی دکھائی جاتی تھی جس میں وہ شاید کبھی گئے ہی نہیں تھے۔

آج کمیونی کیشن ٹیکنالوجی نے نگرانی میں متعدد معنی خیز اصلاحات کی ہیں۔ اب وہ سب ممکن ہوگیا ہے جو پہلے جاننا اور سدھارنا مشکل تھا۔ لیکن آج بھی کسی اسکول کا ٹھیک سے چلنا افسران کی ایمانداری، کام کے تئیں ایمانداری اور ڈیڈیکیشن کے نتیجہ پر ہی منحصر کرتا ہے۔ عوامی نمائندے اگر اپنے علاقوں میں تعلیم کو ترجیح دیں تو تربیت یافتہ اور باضابطہ ٹیچروں کی موجودگی ہر اسکول میں یقینی بنائی جاسکتی ہے۔ ہر سطح پر ٹیچروں کی کمی سے پوری نسل متاثر ہوتی ہے، لیکن سب سے زیادہ گاندھی جی کے ذریعہ نشان زد 'آخری لائن' میں کھڑے پریوار اور ان کے بچے متاثر ہوتے ہیں۔ یہ ایسی حقیقت ہے جو چرچا میں آنی چاہیے اور جس پر اسمبلیوں اور پارلیمنٹ میں پارٹی سیاست سے اوپر اٹھ کر بحث ہونی چاہیے۔ یہ ایسی کمی ہے جو معاشرتی اصلاح میں تاخیر کرتی ہے اور سماجی ہم آہنگی میں اضافہ کے لیے کی جارہی کوششوں کی رفتار کو سست کردیتی ہے۔ اس سے مساوات کے مواقع فراہم کرنے کے لیے آئینی یقین دہانی کی خلاف ورزی ہوتی ہے، جو یہی نشان زد کرتا ہے کہ ہم مجاہدین آزادی اور آئین سازوں کو وہ عزت نہیں دے پارہے ہیں جس کے وہ حق دار ہیں۔


ہندوستان کی تعمیرنو کا خواب دیکھنے والے صاحب عرفان کا خواب تھا کہ تعلیم کی روشنی سے ہندوستان میں سنہری صبح لائی جاسکے گی اور اس کے لیے ہر ہندوستان کے شہری کو پورے مواقع مہیا کرنے کا کوئی دیگر متبادل ہے ہی نہیں۔ اس کا واضح ثبوت آئین میں تسلیم شدہ وہ التزام ہے جس میں ریاست یعنی حکومت سے یہ امید کی گئی تھی کہ چودہ برس تک کے ہر بچے کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کا انتظام کرنا اس کی ذمہ داری ہوگی۔ اگر حکومتیں یہ ذمہ داری پوری طرح نبھاتیں، یکساں اسکول سسٹم کو نافذ کرتیں، اسکولوں میں توازن لاتیں اور تعلیم میں کمرشلائزیشن کو بڑھاوا نہ دیتیں تو آج سرکاری اسکولوں کی ساکھ کہیں اعلیٰ سطح پر ہوتی۔

**ہندوستان کی تعمیرنو کا خواب دیکھنے والے صاحب عرفان کا خواب تھا کہ تعلیم کی روشنی سے ہندوستان میں سنہری صبح لائی جاسکے گی اور اس کے لیے ہر ہندوستان کے شہری کو پورے مواقع مہیا کرنے کا کوئی دیگر متبادل ہے ہی نہیں۔ اس کا واضح ثبوت آئین میں تسلیم شدہ وہ التزام ہے جس میں ریاست یعنی حکومت سے یہ امید کی گئی تھی کہ چودہ برس تک کے ہر بچے کے لیے مفت اور لازمی تعلیم کا انتظام کرنا اس کی ذمہ داری ہوگی۔ اگر حکومتیں یہ ذمہ داری پوری طرح نبھاتیں، یکساں اسکول سسٹم کو نافذ کرتیں، اسکولوں میں توازن لاتیں اور تعلیم میں کمرشلائزیشن کو بڑھاوا نہ دیتیں تو آج سرکاری اسکولوں کی ساکھ کہیں اعلیٰ سطح پر ہوتی۔**

(بشکریہ: جن ستّا)

# چڑھتے شیئر سے بڑھتے خدشات

## ہندوستانی شیئر بازار میں اس سال سرمایہ کے معاملہ میں 37 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ فرانس کے بعد برطانیہ بھی پیچھے رہنے والا ہے۔ آخر کیوں؟



**ارون کمار**

تجزیہ

**ہندوستانی** شیئر بازار کی حیثیت میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ مارکیٹ کیپٹلائزیشن کے معاملہ میں یہ اب برطانیہ سے بہت پیچھے نہیں ہے۔ اس سال ہندوستانی شیئر بازار کے مارکیٹ کیپ میں 37 فیصد کا اضافہ ہوا ہے اور یہ بڑھ کر 3.46 لاکھ کروڑ ڈالر ہوگیا ہے۔ اس کے برعکس برطانوی شیئر بازار کے مارکیٹ کیپ میں 9 فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے اور اس کی کیپٹل پوزیشن 3.59 لاکھ کروڑ ڈالر ہے۔ حالاں کہ وبا کے بعد ہندوستانی شیئر بازار میں بھی گراوٹ آئی تھی، لیکن جلد ہی اس نے رفتار پکڑ لی اور گزشتہ ماہ اس نے پہلی مرتبہ فرانس کو پیچھے چھوڑتے ہوئے مارکیٹ کیپٹلائزیشن کے معاملہ میں چھٹا مقام حاصل کرلیا۔ ہندوستانی شیئر بازار کی یہ تیزی عام سرمایہ کاروں کو پرکشش لگ سکتی ہے۔ باوجود اس کے، ریزروبینک آف انڈیا کے گورنر گزشتہ ایک سال میں کئی مرتبہ کہہ چکے ہیں کہ حقیقی معیشت اور مالیاتی شعبہ میں کوئی تال میل نظر نہیں آرہا ہے۔ آخر کیوں؟

اس سوال کا جواب شیئر بازار کے بنیادی تصور میں پوشیدہ ہے۔ کسی بھی ملک کا شیئر بازار اس سچائی پر منحصر ہوتا ہے کہ اس ملک کی معیشت سے کتنی امید وابستہ رکھی جائے؟ آنے والے دنوں کے بھروسے مند نظر آنے پر ہی شیئر بازار کی فہرست میں شامل کمپنیوں میں سرمایہ کاری کی جاتی ہے۔ اپنے یہاں ایسی فہرست میں شامل کمپنیوں کی تعداد تقریباً 6,000 ہے۔ حالاں کہ، ان میں سے بھی بنیادی طور پر 2,000 کے قریب کمپنیوں پر زیادہ تر سرمایہ کار اعتماد کرتے ہیں۔ اندازہ ہے کہ ان 6 ہزار کمپنیوں پر بمشکل 20-10 لاکھ لوگ مالکانہ حق رکھتے ہوں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ 1.35 ارب کی آبادی والے اس ملک میں شیئر بازار پر تقریباً 0.1 فیصد لوگوں کا ہی کنٹرول ہے۔ تو شیئر بازار میں ہونے والی تیزی بنیادی طور پر ان کے لیے ہی فائدہ مند ہے۔ باقی تین-چار کروڑ عام سرمایہ کاروں کو بہت فائدہ نہیں ملتا، کیوں کہ وہ سبھی چھوٹے سرمایہ کار ہیں۔

ہندوستان کے ساتھ دقت یہ ہے کہ یہاں کی معیشت میں غیر منظّم شعبہ کا تعاون کافی زیادہ ہے، لیکن قصیدے منظّم شعبہ کے پڑھے جاتے ہیں۔ شیئر بازار میں نہ تو غیر منظّم شعبہ کی کوئی حصہ داری ہے اور نہ ہی چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کی۔ یعنی ہندوستانی معیشت کا ایک بڑا حصہ شیئر بازار سے دور ہے۔ جب کہ گزشتہ پانچ سال میں سب سے زیادہ نقصان انہی شعبوں کو ہوا ہے۔ حقیقت میں، شیئر بازار میں آرہی اس تیزی کی ایک وجہ غیر منظّم شعبہ کو ہورہا نقصان بھی ہے۔ بالخصوص نوٹ بندی کے بعد سے غیر منظّم شعبہ کے حصہ کی ڈیمانڈ منظّم شعبہ کے کھاتے میں چلی گئی ہے۔ رہی سہی کسر جی ایس ٹی اور وبا نے پوری کردی۔ غیر منظّم شعبہ کو بیشک جی ایس ٹی سے باہر رکھا گیا ہے، لیکن منظّم شعبہ کا اِن پٹ کریڈٹ اس کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ اسی طرح، کورونا کے بعد مقامی دکان دار کے بجائے لوگ آن لائن خریداری پر زیادہ بھروسہ کرنے لگے ہیں۔ نتیجتاً، کمپنیوں کے منافع میں اضافہ ہوا ہے اور سرمایہ کار یہ امید کرنے لگے ہیں کہ آنے والے دنوں میں یہ کمپنیاں کہیں اچھا ریٹرن دیں گی۔ اسی لیے، انہوں نے سرمایہ کاری میں اضافہ کیا ہے۔ ہندوستانی شیئر بازار میں غیر ملکی سرمایہ کار بھی خوب آرہے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک میں وبا کے درمیان راحت پیکیج جاری کیے گئے، جس سے بازار میں نقدی (لیکویڈیٹی) بڑھی ہے۔ پہلے کے دنوں میں بینک یا سیونگ پلانس جیسی سرمایہ کاری کے دیگر وسائل تھے، جن میں اچھا خاصا ریٹرن ملتا تھا۔ مگر کورونا نے سرمایہ کاروں کو یہاں سے مایوس کیا ہے۔ کئی ممالک میں تو سود نگیٹو ہوگیا ہے، جس کا مطلب ہے کہ وہاں پیسوں کی سرمایہ کاری کرنے پر سرمایہ کاروں کو ہی شرح سود ادا کرنی پڑرہی ہے۔ ہندوستان اس معاملہ میں ابھی اچھی حالت میں ہے۔ چوں کہ یہاں کی ٹیکنالوجی، ای-کامرس، ای-بینکنگ جیسی کمپنیوں میں مقامی سرمایہ کاروں کا بھی اعتماد ہے، اس لیے غیر ملکی سرمایہ کار بھی ان میں اپنے لیے امید تلاش کررہے ہیں۔ سرمایہ کاری کرنے والوں میں وہ کمپنیاں بھی شامل ہیں، جو اس لیے ہندوستانی شیئر بازار میں سرمایہ کاری کررہی ہیں، تاکہ وہ مقامی کمپنیوں پر اپنا کنٹرول کرسکیں۔ یہی سبب ہے کہ ڈالر کے مقابلہ روپے کے کمزور ہونے اور تمام جوکھم کو دیکھنے کے باوجود غیر ملکی سرمایہ کار ہندوستانی شیئر بازار پر اعتماد کررہے ہیں۔ حالاں کہ اس جلدبازی میں ان کمپنیوں کو بھی فائدہ ہورہا ہے، جو نسبتاً کمزور ہیں۔

ان سب عوامل نے یہاں پرائس ارننگ ریشیو (کمپنی کے شیئر کی قیمت اور شیئر سے ملے فائدہ کا تناسب) کافی زیادہ بڑھا دیا ہے۔ منافع اور سرمایہ کاری کا فائدہ (سرمایہ کاری کی قیمت فروخت اس کی خرید سے زیادہ ہو) ملاکر سرمایہ کار کو کافی اچھا فائدہ مل رہا ہے۔ لیکن اگر یہ 10 فیصد کے قریب گر گیا تو بینک کی شرح سود سے کم ریٹرن مل سکتا ہے۔ لہٰذا مارکیٹ کیپٹلائزیشن میں جب تک اضافہ ہوتا رہے گا، سرمایہ کاروں کی چاندی ہوگی، لیکن جیسے ہی یہ مستحکم ہوجائے گا یا بڑھنا بند ہوگا، سرمایہ کاروں کے ہاتھ کھینچنے سے شیئر بازار دھڑام سے گر سکتا ہے۔ اس کا نقصان بڑے سرمایہ کاروں کو تو شاید ہی ہوگا۔

یہاں 1992 کا ہرشد مہتا گھوٹالہ ہمارے لیے سبق ہوسکتا ہے، جس میں چھوٹے سرمایہ کاروں کی پورے کا پورا سرمایہ تک ڈوب گیا تھا۔ اس کا ایک بڑا نقصان یہ ہوسکتا ہے کہ ہمارے شیئر بازار کو لے کر جو مثبت ماحول عالمی معیشت میں بنا ہے، وہ بھی جھٹکے سے بدل جائے۔ پرائس ارننگ ریشیو میں کافی تیزی سے اس خدشہ کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔

واضح ہے، اس بلبلے کو تھامنے کے لیے خصوصی کوشش کی ضرورت ہے۔ ممکن ہو، تو حکومت شیئر بازار میں روزانہ ہونے والی ٹریڈنگ پر کچھ 'ٹرانزیکشن چارج' لگائے۔ اس سے نہ صرف شیئر بازار کا عدم استحکام کم ہوگا، بلکہ سوشل سیکٹر کو بھی پیسہ مل سکے گا۔ فی الحال، ہیلتھ، ایجوکیشن جیسے شعبوں میں کافی سرمایہ کاری درکار ہے۔ اس سے نئے روزگار بھی پیدا ہوسکیں گے۔ پھر اسپیکولیشن، یعنی اندازہ پر مبنی شیئر بازار کی یہ اونچائی حقیقی سرمایہ کاری کی طرف سے لوگوں کا منہ موڑ رہی ہے، کیوں کہ اگر محض اندازہ لگانے سے ہی ایک سال میں ہمیں اچھا خاصا ریٹرن مل رہا ہو، تو نئی انڈسٹری میں، جس میں پانچ سال کے بعد ریٹرن آئے گا، سرمایہ کار کیوں پیسے لگائیں گے؟ اس کا ہماری معیشت کو شدید نقصان ہوسکتا ہے۔

**حکومت شیئر بازار میں روزانہ ہونے والی ٹریڈنگ پر کچھ 'ٹرانزیکشن چارج' لگائے۔ اس سے نہ صرف شیئر بازار کا عدم استحکام کم ہوگا، بلکہ سوشل سیکٹر کو بھی پیسہ مل سکے گا۔ فی الحال، ہیلتھ، ایجوکیشن جیسے شعبوں میں کافی سرمایہ کاری درکار ہے۔ اس سے نئے روزگار بھی پیدا ہوسکیں گے۔ پھر اسپیکولیشن، یعنی اندازہ پر مبنی شیئر بازار کی یہ اونچائی حقیقی سرمایہ کاری کی طرف سے لوگوں کا منہ موڑ رہی ہے، کیوں کہ اگر محض اندازہ لگانے سے ہی ایک سال میں ہمیں اچھا خاصا ریٹرن مل رہا ہو، تو نئی انڈسٹری میں، جس میں پانچ سال کے بعد ریٹرن آئے گا، سرمایہ کار کیوں پیسے لگائیں گے؟ اس کا ہماری معیشت کو شدید نقصان ہوسکتا ہے۔**

(مضمون نگار ماہر معاشیات ہیں)

(بشکریہ: ہندوستان)




مراسلہ نگار کی رائے سے مدیر کا متفق ہونا ضروری نہیں

## احتساب ضروری

مکرمی!

ایسے تو امراض وجرائم کی بے شمار شکلیں معاشرہ کو اپنے نرغے میں لیے ہوئے ہیں، جس سے لوگوں کا نجات حاصل کرپانا ناممکن تو نہیں پر مشکل ضرور ہے۔ تقریباً تمام امراض وجرائم کی جانب عام طور پر لوگوں کی توجہ مبذول کرائی جاتی ہے، اس تعلق سے بڑے بڑے اشتہارات ومجلّات شائع ہوتے ہیں، اس کی ہلاکت خیزی اور اس سے رونما ہونے والے معاشرتی فساد وبگاڑ سے لوگوں کی رہنمائی کی جاتی ہے، لیکن ایک بیحد خطرناک اور مہلک مرض اور جرم جس کی جانب اقدام تو درکنار غور وفکر کی ضرورت محسوس نہیں کی جاتی کہ ہر شخص اپنی ذاتی خوبو سے اپنے رویہ کو روا رکھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خانگی اور معاشرتی زندگیوں میں تحقیق وتدقیق سے چشم پوشی انسانی سماج کا لاینفک وطیرہ بن چکا ہے۔ ایسی ہی بیماری اور جرم کا نام غلط فہمی ہے جس کا نہ تو کوئی درماں کرتا ہے اور نہ ہی اعتراف۔ اس بیماری کی ہلاکت خیزی اور حصولیابی کو شمار کیا جائے تو موٹے موٹے دفاتر سیاہ ہوسکتے ہیں۔ شیطان نے غلط فہمی کے بیج کو اس قدر برگ وبار آور بنایا ہے کہ اگر اس کے تناور درخت کو قلم بھی کردیا جائے تو ذرا سی توجہ پاکر یہ دوبارہ پھل پھول جاتا ہے۔ اس کے پھل اور پھول میں وہ بلا کی زہرناکی گھلی ہوئی ہے کہ اس کے فقط چکھنے سے ہی ہنستے مسکراتے چہرے پل بھر میں پژمردگی کا شکار ہوجاتے ہیں اور بدرونقی اور بے رخی کے وہ بادل چھا جاتے ہیں کہ رفتہ رفتہ پورے گھر اور خاندان کو زد میں لے کر ایسی سیاہی انڈیل جاتے ہیں، جس کے داغ بار بار دھلنے کے باوجود تازہ رہتے ہیں۔ اس غلط فہمی کی نحوست سے نہ جانے کتنے سینوں میں نفرت وعداوت کے شعلے بھڑک اٹھے اور جانے کتنے خاندانوں کے شیرازے منتشر ہوگئے۔ یہ ایسا خطرناک مرض ہے جس کو نہ تو کوئی مرض سمجھتا ہے اور نہ ہی علاج کی تدبیر کی جاتی ہے۔ جب کہ اسلام کا مسلمہ اصول وقاعدہ ہے کہ جب تمہیں کسی چیز کی بابت خبر دی جائے تو اولاً اس کی تحقیق کرلیا کرو مبادا بے خبری میں کسی قوم کو ضرر پہنچے اور تمہیں کف افسوس ملنا پڑے۔ لہٰذا ہم تمام مسلم بھائی بہنوں کو اللہ پاک کی مذکورہ ہدایت کی روشنی میں آپسی تعلقات کو برقرار رکھنا چاہیے، تاکہ رشتوں کا تقدس قائم رہے اور ذرا ذرا سی باتوں پر رشتوں میں کھٹاس نہ پڑے، بلکہ ہر خیر وشر میں اصولِ تحقیق وتدقیق کو ملحوظِ خاطر رکھیں اور ہر حال میں غلط بیانی سے پرہیز کرتے رہیں، تاکہ غلط فہمی کا سد باب ہوسکے اللہ پاک ہمیں اس کی توفیق دے۔ آمین

**آفتاب عثمانی**- علی گڑھوا بازار، سدھارتھ نگر، یوپی

## پرینکا گاندھی سے بدسلوکی!

مکرمی!

کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے یوپی میں کسانوں کے قتل پر ان کے خاندانوں سے ملاقات، ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرکے انسانیت کی اعلیٰ اقدار کا مظاہرہ کیا اور اچھی مثال قائم کی ہے۔ اس موقع پر بی جے پی کی یوگی سرکار نے پرینکا گاندھی کا راستہ روک کر ان کے ساتھ جس طرح کی بدتمیزی کی اور انہیں گرفتار کیا اس کی سارا ملک شدید مذمت کررہا ہے۔ پرینکا گاندھی ایک اعلیٰ خاندانی خاتون اور باوقار شخصیت ہیں۔ ملک کی سب سے قدیم پارٹی کانگریس کی ایک بڑی لیڈر ہیں، پرینکا کے والد راجیو گاندھی ملک کے وزیراعظم تھے، ان کی دادی اندرا گاندھی اور اندرا گاندھی کے والد پنڈت جواہر لعل نہرو ملک کے وزرائے اعظم رہ چکے ہیں۔ بی جے پی قائدین کے برعکس پرینکا گاندھی کے اسلاف نے اس ملک کیلئے بڑی بڑی قربانیاں دی ہیں، انکے ساتھ اس طرح کا غیر جمہوری اور غیر انسانی سلوک کرکے بی جے پی نے اچھا پیغام نہیں دیا ہے۔ بی جے پی کی اس حرکت کو ملک کا ہر امن پسند اور جمہوریت پر یقین رکھنے والا شہری ناپسند کرتے ہوئے حیرانگی سے دیکھ رہا ہے۔

دوسری جانب کانگریس پارٹی کے وفد نے صدر جمہوریہ ہند سے ملاقات کرکے کسانوں کو دھمکیاں دینے والے بی جے پی کے وزیر مملکت اجے شرما کو برخاست اور گرفتار کرنے کا جو مطالبہ کیا ہے وہ بالکل صحیح ہے، ملک کے کسان اور عوام بھی یہی چاہتے ہیں کہ لکھیم پور قتل وفساد کے اصل ملزمین کو اس سنگین جرم کی سزا ملنی چاہیے یہی عدل وانصاف کا تقاضا ہے۔

**زکریا سلطان**- ریاض، سعودی عرب




یہ کس کی راہ پر ہیں آج نفرت کے جنوں والے
مٹانا چاہتے ہیں جو ہر اک اسلوب گاندھی کا
معافی اُن کے کہنے پر جو انگریزوں سے مانگی تھی
تو ساورکر بھی کہنا مانتے تھے خوب گاندھی کا

نوٹ: ادارتی صفحے پر شائع مضامین میں مضمون نگاروں کے ذریعہ ظاہر کی گئی آرا ان کی ذاتی ہیں اور ادارہ اس کیلئے کسی طرح سے ذمہ دار نہیں ہے۔

ہمیں فخر ہے کہ ہم ہندوستانی ہیں
سہارا انڈیا ماس کمیونی کیشن کیلئے پرنٹر و پبلشر ضیاء قادری نے سہارا انڈیا ماس کمیونی کیشن پریس C-2,3,4، سیکٹر-11 نوئیڈا میں چھپوا کر اور 705-706، ساتویں منزل، نورنگ ہاؤس، 21 کے جی مارگ، نئی دہلی سے شائع کیا۔
For Sahara India Mass Communication Printed & Published by Zia Qadri, Printed at C-2, 3, 4, Sector-11, Noida and published from 705-706, VIIth Floor, Navrang House, 21 K.G. Marg, New Delhi
Chief Executive Officer & Editor in Chief : Upendrra Rai چیف ایگزیکیٹو آفیسر و ایڈیٹر ان چیف: اپیندر رائے
Resident Editor: Md. Fakhre Imam * ریزیڈنٹ ایڈیٹر: محمد فخر امام Group Editor: Ismail Zafar Khan (ismail.zafarkhan@gmail.com) گروپ ایڈیٹر: اسمعیل ظفرخان
For Editorial/News: rsahara1@gmail.com ■ Advertisement (National): ■ 0-9891773434, 9899452476 Email: adsahara@gmail.com
www.roznamasahara.com 0120-2598274 :سرکولیشن، 0120-2444755,2598419 :ٹیلی فون نمبر نوئیڈا آفس، 011-23352369, 23352368 :ٹیلی فون نمبر دہلی دفتر
* اس شمارہ میں شامل شائع شدہ تمام خبروں کے انتخاب اور ایڈیٹنگ کیلئے ذمہ دار R.N.I. No.71627/99 Roznama Rashtriya Sahara (New Delhi) Regd.: UP/GBD-208/2021-2023 شمارہ نمبر: 65563 سال: 22
روزنامہ راشٹریہ سہارا
حب الوطنی ○ فرض شناسی ○ ایثار

# افغانستان میں خواتین کے کھیلوں پر پابندی نہیں: طالبان

## وومن کرکٹ سمیت خواتین کے کھیلوں پر باضابطہ پابندی لگانے کی تردید

**کابل(ایجنسیاں)**

افغان طالبان نے ملک میں وومن کرکٹ سمیت خواتین کے کھیلوں پر باضابطہ پابندی لگانے کی تردید کردی۔ الجزیرہ کے مطابق اگست میں افغانستان میں طالبان کی حکومت ا?نے کے بعد سے کھیلوں کا مستقبل غیریقینی صورتحال کا شکار ہے۔ سیکڑوں کھلاڑی خصوصا خواتین کھلاڑی یا توبیرون ملک چلے گئے ہیں یا پھر اسپورٹس سے دوررہ کرخاموشی کی زندگی بسر کررہے ہیں۔

ستمبر میں افغان ثقافتی کمیشن کے نائب سربراہ احمد اللہ واثق نے بھی خواتین کرکٹ سمیت دیگر کھیلوں میں حصہ لینے پر پابندی کا اعلان کیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ضروری نہیں کہ خواتین کرکٹ کھیلیں، کرکٹ میں ایسی صورتحال کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے جہاں جسم اور چہرہ نہ چھپایا جاسکتا ہو اور اسلام ایسے لباس کی اجازت نہیں دیتا جس سے بے پردگی ہو۔ یاد رہے کہ 2001 میں امریکی حملے سے قبل افغانستان میں طالبان کی حکومت میں اس وقت بھی خواتین کے کھیلوں پر مکمل پابندی تھی۔ الجزیرہ نے افغان کرکٹ بورڈ کے نومنتخب چیئرمین عزیز اللہ فضلی سے اس بارے میں بات کی تو انہوں نے بتایا کہ ان کی طالبان حکومت کے اعلیٰ حکام سے بات ہوئی ہے جنہوں نے کہا ہے کہ سرکاری طور پر خواتین کے کھیلوں خصوصا وومن کرکٹ پر کوئی پابندی نہیں، ہمیں خواتین کے کھیلوں میں حصہ لینے سے کوئی مسئلہ نہیں۔



عزیز اللہ فضلی نے بتایا کہ انہیں طالبان نے خواتین کو کرکٹ کھیلنے سے روکنے کا حکم نہیں دیا ہے، ہماری 18 سال سے خواتین کی کرکٹ ٹیم ہے، اگرچہ وہ محدود پیمانے پر ہے، تاہم ہمیں اس معاملے میں اپنے مذہب اور ثقافت کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے، اگر خواتین شائستہ لباس پہنیں تو ان کا کھیلوں میں حصہ لینا معیوب نہیں، اسلام میں خواتین کو نیکر پہننے کی اجازت نہیں، جیسا کہ دوسری ٹیمیں پہنتی ہیں، خصوصا فٹ بال میچ میں، لہٰذا ہمیں اس چیز کا خیال رکھنا ہوگا۔

# ’خطے کو تباہی پھیلانے والے اسلحوں سے پاک کرنے کے موقوف پر قائم‘

**ریاض(ایجنسیاں)**

کل منگل کو سعودی عرب نے مشرق وسطیٰ کے علاقے کو بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں سے پاک بنانے سے متعلق اپنے اصولی موقف کا اعادہ کیا ہے۔ منگل کو سعودی عرب کی وزارتی کونسل (کابینہ) کا ورچوئل اجلاس خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کی زیرصدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں وزراء کونسل کو حالیہ ایام میں عالمی برادری کے ساتھ تعلقات کو فروغ دینے کے لیے الریاض کی طرف سے ہونے والے مذاکرات کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ سعودی پریس ایجنسی ’’ایس پی اے‘‘ کی رپورٹ کے مطابق کونسل نے اقوام متحدہ مختلف بین الاقوامی تنظیموں اور جی ٹوئنٹی کے ذریعے بین الاقوامی فورمز میں مملکت کے موثر کردار پر بات کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ سعودی عرب خطے اور پوری دنیا کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے، ترقی، امن اور خوش حالی کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہیگا۔ اس سلسلے میں وزرا کونسل کو G20 کے رکن ممالک کے پارلیمنٹ کے اسپیکروں کے ساتویں سربراہ اجلاس کے نتائج کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ یہ اجلاس اطالوی دارالحکومت روم میں منعقد ہوا۔



سعودی عرب کے قائم مقام وزیر اطلاعات ڈاکٹر عصام بن سعد بن سعید نے وضاحت کی کہ اجلاس میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 76 ویں سیشن کے کام کے فریم ورک کے اندر ہونے والی میٹنگوں میں مملکت کی شرکت کے نتائج اور اس کے عزم پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب جنرل اسمبلی کے ساتھ مشترکہ تعاون، انسانی ہمدردی اور ترقیاتی کوششوں کی حمایت، عالمی تیل منڈیوں کے استحکام اور قیمتوں میں توازن کو فروغ دینے کے ساتھ موثر اقدامات کے ذریعے ماحولیات تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے کام کررہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کاربن کے اخراج کو کم کرنے کے لیے مملکت کی طرف سے گرین سعودی عرب اور گرین مڈل ایسٹ پروجیکٹ متعارف کرائے گئے ہیں۔ سعودی عرب کی کابینہ کے اجلاس میں ایک بار پھر مشرق وسطیٰ کو وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں سے پاک کرنے کے موقف کا اعادہ کیا گیا۔ اجلاس میں خطے کی صورت حال، علاقائی اور بین الاقوامی مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یمن میں حوثی ملیشیا کی طرف سے کیے جانے والے حملوں اور سعودی عرب کی طرف سے یمنی عوام کے دفاع کے لیے کی جانے والی کوششوں پر بھی بات کی گئی۔

# منامہ میں بحرین-ہند تعلقات کی گولڈن جوبلی تقریبات کا انعقاد

## دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات ایک نئی کامیابی



**منامہ(یواین آئی)**

دونوں ممالک میں 12 اکتوبر کو بحرین اور ہندوستان کے درمیان سفارتی تعلقات کی 50 سالہ گولڈن جوبلی کے موقع پر یادگار تقریبات منعقد کی گئیں۔

بحرین اور ہندوستان کے درمیان باہمی احترام کی علامت کے طور پر باب البحرین کی مشہور عمارت کو کل ہندوستانی ترنگے کے رنگوں سے روشن کیا گیا تھا جبکہ نئی دہلی میں واقع قطب مینار سرخ اور سفید رنگ میں تھا، جو بحرین کے پرچم کے رنگوں کی نمائندگی کرتے ہوئے لال اور سفید رنگوں سے چمک رہا تھا۔

گولڈن جوبلی کا یہ جشن دونوں ممالک کے درمیان باہمی تعلقات کے لحاظ سے اپنے آپ میں ایک نئی کامیابی ہے کیونکہ یہ نہ صرف ہندوستان اور بحرین کے درمیان سرکاری سفارتی تعلقات کے 50 سال مکمل ہونے کی علامت ہے بلکہ صدیوں پر محیط دوستی کی علامت بھی ہے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس۔ جے شنکر نے بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الجیانی سے ون ٹو ون ملاقات کی۔ ملاقات کے بعد انہوں نے ٹویٹ کیا کہ ’’ہمارے سفارتی تعلقات کی 50 ویں سالگرہ پر اپنے ہم منصب سے مل کر بہت خوشی ہوئی۔‘‘

منامہ کے ’لٹل انڈیا اسکوائر‘ پر منگل کی شام ثقافتی سرگرمیاں شروع کی گئیں تاکہ مملکت بحرین اور جمہوریہ ہند کے درمیان سفارتی تعلقات کی سنہری جوبلی منائی جاسکے۔ روشنی کی تقریب منامہ سوق کے مرکزی دروازے پر منعقد ہوئی جو 1949 میں تعمیر کیا گیا تھا۔ اس موقع پر بحرین کلچر اینڈ نوادرات اتھارٹی کی چیئرمین شائقہ مائی بنت محمد الخلیفہ، انڈر سیکریٹری خارجہ امور اور انتظامی امور توفیق المعصور اور ہندوستانی سفیر پیوش سریواستو موجود تھے۔ ان کے علاوہ ممتاز سفارت کار، بحرین اور ہندوستانی کمیونٹی کے کارکن اور ثقافتی امور میں دلچسپی رکھنے والے دیگر افراد نے شرکت کی۔

# پناہ گزینوں کی مشکلات کم کرنے کیلئے سعودی عرب کی کوششوں کی عالمی سطح پر ستائش

## انسانی سپورٹ کے شعبے میں سعودی عرب ایک بھرپور ریکارڈ رکھتا ھے



**ریاض(ایجنسیاں)**

سعودی ڈیولپمنٹ فنڈ کے چیف ایگزیکٹو سلطان المرشد نے کل پیر کے روز اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے پناہ گزین فلیپو گرانڈی سے ملاقات کی۔ جنیوا میں ہائی کمیشن کے دفتر میں ہونے والی اس ملاقات میں علاقائی اور عالمی صورت حال میں اہم پیش رفت اور نقل مکانی سے متعلق عالمی رجحانات پر بات چیت ہوئی۔ دونوں شخصیات نے آئندہ مرحلے میں کرونا کی وبا کے جلو میں انسانی ضروریات پوری کرنے کے سلسلے میں جانبین کے درمیان تعاون مضبوط بنانے کے طریقہ کار پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ یہ ملاقات جانبین کے درمیان مشترکہ تعاون کے 10 برس گزرنے کے موقع پر ہوئی۔ اس موقع پر گرانڈی نے فلاحی اور انسانی کاموں کے میدان میں سعودی عرب اور اس کی انسانی تنظیموں کے کردار کو سراہا۔ گرانڈی نے تزویراتی شراکت داری کے حوالے سے انتہائی ممنونیت کا اظہار کیا۔ سعودی ڈیولپمنٹ فنڈ کے چیف ایگزیکٹو سلطان المرشد نے انسانی معاملات کی خدمت کے مقصد سے ہائی کمیشن کے منصوبوں کے مفاد میں سعودی عرب کی کوششوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے باور کرایا کہ پناہ گزینوں کے ہائی کمیشن اور سعودی فنڈ کے درمیان مشترکہ تعلق بڑا گہرا ہے۔ اس کا مقصد انسانی پناہ کے حالات کو درپیش مصائب میں کمی لانا ہے۔ المرشد کے مطابق گزشتہ 10 برسوں کے دوران میں 17 پروگراموں پر عمل درامد کیا گیا جن کی مالیت 7.8 کروڑ ڈالر تھی۔ ان پروگراموں سے دنیا کے 7 ممالک میں 50 لاکھ سے زیادہ افراد مستفید ہوئے۔

سعودی عہدے دار نے مزید کہا کہ انسانی سپورٹ کے شعبے میں سعودی عرب ایک بھرپور ریکارڈ رکھتا ہے۔ اس حوالے سے افغانستان، پاکستان، میانمار، تھائی لینڈ، بنگلہ دیش، شام، لبنان اور اردن میں انسانی ترقیاتی میدانوں میں متعدد پروگراموں کو سعودی فنڈ کے ذریعے سپورٹ کیا گیا۔

# امریکی حکام کابل میں اپنے شہریوں سے متعلق بھی لاعلم نکلے



(تصویر/فائل فوٹو)

**کابل/اسلام آباد(ایجنسیاں)**

امریکی حکام اپنے شہریوں سے متعلق درست معلومات سے بھی لاعلم نکلے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق امریکی حکام کی غفلت سامنے آئی ہے کہ وہ افغانستان میں اپنے شہریوں سے متعلق درست معلومات سے بھی لاعلم نکلے، اور غیر معمولی رقم کے عوض پی آئی اے کا طیارہ بک کرالیا۔

ذرائع کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ نے افغانستان میں اپنے سہولت کاروں کو نکالنے کیلئے پی آئی اے کی خدمات لیں تھیں، اور اس کے عوض قومی ائرلائن نے متعلقہ امریکی حکام سے چارٹر پرواز کے 7 لاکھ 50 ہزار ڈالرز بھی وصول کرلئے۔ ذرائع کے مطابق امریکی ادارے نے افغان حکام سے پرواز کی اجازت امریکی شہریوں کے انخلا کے نام پر لی، تاہم پی آئی اے کی چارٹر پرواز نمبر 6249 اسلام آباد سے کابل کیلئے روانہ ہوئی تو انکشاف ہوا کہ تمام مسافر افغان شہری تھے، اور طالبان پالیسی کے تحت افغان شہریوں کے انخلا پر پابندی کے باعث پی آئی اے کا خالی طیارہ واپس اسلام آباد آ گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پی آئی اے کی پرواز نے امریکی سہولت کاروں کا کابل سے قطر کے الحدید ایئربیس تک پہنچانا تھا اور امریکی شہریوں کو قطر کے ائربیس الحدید پہنچا کر خالی واپس اسلام آباد آنا تھا، امریکا نے اسلام آباد سے براستہ کابل الحدید ائربیس تک 4 اکتوبر کو پی آئی اے کی چارٹر پرواز بک کی تھی، تاہم خطیر رقم خالی پرواز پر خرچ کردی گئی۔

# ایران جوہری ہتھیاروں کی دہلیز پر پہنچ گیا ہے: اسرائیلی وزیرخارجہ

**واشنگٹن(ایجنسیاں)**

اسرائیلی وزیرخارجہ یائرلبید نے منگل کو امریکی صدر کے قومی سلامتی کے مشیر جیک سلیوان کو سخت الفاظ میں کہا کہ ایران "ایک ایٹمی دہلیز" پر پہنچ گیا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اسے ایٹمی ہتھیار بنانے کے لیے ضروری معلومات حاصل ہیں۔ لبید نے واشنگٹن میں سلیوان سے ملاقات کے دوران غیرمعمولی طور پر سخت زبان استعمال کی۔ ’ٹائمز آف اسرائیل‘ کے مطابق امریکی وزیر خارجہ نے بعد ازاں اسرائیلی وزیرخارجہ کے الفاظ نے کانگریس کے رہنماؤں کے ایک وفد کو بتائے جنہوں نے اسپیکر نینسی پیلوسی کی قیادت میں ان سے ملاقات کی تھی۔

گزشتہ ماہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے اپنے خطاب میں اسرائیلی وزیراعظم نفتالی بینیٹ نے خبردار کیا تھا کہ ایران کا ایٹمی پروگرام ایک ’’واٹرشیڈ لمحے‘‘ پر ہے۔ لبید کے دفتر نے ایک بیان میں کہا کہ سکریٹری آف اسٹیٹ نے امریکی قومی سلامتی کے مشیر کے ساتھ ایران کی ایٹمی صلاحیت کی دوڑ اور اس حقیقت کے بارے میں اپنے خدشات شیئر کیے کہ ایران ایک ایٹمی دہلیز پر کھڑا ملک بن گیا ہے۔ ان کے دفتر نے مزید کہا کہ لبید اور سلیوان نے مشترکہ جامع پلان آف ایکشن (ایٹمی معاہدہ) کے لیے ’’پلان بی کی ضرورت‘‘ پر زور



دیا۔ ایران کے جوہری پروگرام پر معاہدہ سابق صدر باراک اوباما کیدور میں طے پایا تھا مگر صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے 2018 میں اسے منسوخ کردیا تھا۔ امریکہ نے ایران کے جوہری پروگرام پر تہران کے خلاف متبادل آپشنز پر غور نہیں کیا تاہم واشنگٹن ایران کے جوہری عزائم کو روکنے کے لیے سفارت کاری کی راہ پر چل رہا ہے۔ صدر بائیڈن نے اگست میں بینیٹ کو بتایا تھا کہ اگر یہ کوششیں ناکام ہوئیں تو امریکا دوسرے آپشنز پر غور کرنے کو تیار ہوجائے گا۔ تاہم سلیوان نے کہا کہ صدر بائیڈن نے ایران کو جوہری ہتھیاروں کے حصول سے روکنے کا عزم کررکھا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ حکام نے اس بات پر اتفاق کیا کہ امریکا اور اسرائیل ایران اور خطے کی سلامتی اور استحکام کو متاثر کرنے والے دیگر اہم معاملات پر قریبی مشاورت جاری رکھیں گے۔ امریکہ اور ایران دونوں کے عہدیداروں نے حال ہی میں کہا ہے کہ وہ توقع کرتے ہیں کہ مذاکرات جلد شروع ہوں گے۔ دریں اثنا ایران نے عوامی طور پر معاہدے کی کچھ شقوں کی خلاف ورزی کی ہے۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی کے مطابق ایران نے مجاز حد سے بڑھ کر افزودہ شدہ یورینیم ذخیرہ کیا ہے۔ نئے سینٹری فیوجز نصب کیے ہیں اور ایٹم بم کی تیاری کی طرف پیش قدمی شامل ہے۔

# جی 20 افغان ایئرپورٹس کو چلانے میں مدد کرے گا

**روم (یو این آئی/اسپوتنک)**

جی 20 ممالک افغانستان کو مالی اور تکنیکی مدد فراہم کریں گے تاکہ ملک کے ہوائی اڈے آسانی سے چلتے رہیں۔ افغانستان کے مسئلے پر جی 20 رہنماؤں کی ایک ورچوئل میٹنگ ایک دن پہلے روم کے دارالحکومت اٹلی میں ہوئی۔ خیال رہے جی 20 گروپ کی سربراہی اس وقت اٹلی کررہا ہے۔ جی 20 کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ’’جی 20 بھی کابل بین الاقوامی ہوائی اڈے کو مکمل طور پر آپریشنل رکھنے کے لیے مالی مدد کرتا ہے‘‘۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ جی 20 افغانستان کے دیگر ہوائی اڈوں کو تجارتی پروازوں کے لیے دوبارہ کھولنے کی بھی حمایت کرتا ہے۔

# فرانس: ٹرین کی ٹکر سے 3 تارکین وطن ہلاک

**پیرس (یواین آئی)**

فرانس میں ایک ٹرین کی ٹکر سے 3 تارکین وطن ہلاک ہوگئے۔ فرانسیسی خبررساں ایجنسی کے مطابق فرانس کے جنوب مغربی علاقے میں ٹرین کی ٹکر سے 3 تارکین وطن ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق سینٹ جین ڈی لوز کے علاقے میں ٹرین گزرنے کے وقت پٹری پر 4 تارکین وطن لیٹے تھے، ٹرین کی ٹکر سے 3 تارکین وطن موقع پر ہی ہلاک جبکہ ایک شدید زخمی ہوا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 2 تارکین وطن الجزائر کے شہری ہیں جبکہ باقی 2 کی قومیت معلوم نہیں ہوسکی ہے۔ اس کے علاوہ پولیس کے مطابق ان افراد کے پٹری پر لیٹنے کی وجہ ابھی واضح نہیں ہوئی۔ خیال رہے دو روز قبل فرانس میں تارکین وطن کے ساتھ انتہائی ناروا سلوک کے بارے میں رپورٹ منظرعام آئی تھی۔

# ٹیلی گرام میسنجر کے آپریٹنگ میں مسئلہ

**واشنگٹن (یو این آئی/اسپوتنک)**

دنیا بھر میں ٹیلی گرام میسنجر صارفین کو اس کے آپریٹنگ میں مسائل کا سامنا ہے۔ آن لائن آؤٹیج ٹریکر ڈاؤنڈ یٹیکٹر کے مطابق روس، امریکہ، برطانیہ، جرمنی اور دیگر ممالک میں ٹیلی گرام میسنجر کے صارفین اس بارے میں شکایت کررہے ہیں۔

# صومالیہ: خودکش دھماکے میں 5 افراد ہلاک

**موغادیشو (یو این آئی/ژنهوا)**

صومالیہ کے دارالحکومت موغادیشو میں ایک خودکش بم دھماکے میں کم ازکم پانچ افراد ہلاک اور 6 دیگر زخمی ہوگئے۔ ایک پولیس افسر نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ ایک خودکش حملہ آور نے فگاہ چوک کے قریب ایک ریسٹورنٹ میں گھس کر خود کو دھماکے سے اڑا لیا جس سے پانچ افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس بات کی تصدیق کرسکتے ہیں کہ دھماکے میں پانچ افراد ہلاک اور 6 دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ عینی شاہدین نے بتایا کہ انہوں نے موغادیشو کے فگاہ جنکشن پر ایک ہولناک دھماکے کی آواز سنی۔ عبدالرحمٰن محمد نامی ایک عینی شاہد نے بتایا کہ ’’دھماکہ بہت شدید تھا اور میں نے زخمیوں کو اسپتالوں میں لے جاتے دیکھا‘‘۔

# شاہی خاندان کے افراد

## ہم جنس شخص سے شادی کرسکتے ہیں: ڈچ وزیراعظم



**ایمسٹرڈیم(ایجنسیاں)**

نیدرلینڈز کے وزیراعظم کا کہنا ہے ڈچ شاہی خاندان کے افراد تخت چھوڑے بغیر ہم جنس شخص سے شادی کرسکتے ہیں۔ نیدرلینڈز کے وزیراعظم نے پارلیمنٹ سے پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں کہا ہے کہ شاہی خاندان کے فرد ہم جنس سے شادی کرسکتے ہیں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہم جنس فرد سے شادی کے بعد انکو تخت چھوڑنے کی ضرورت نہیں۔ واضح رہے کہ نیدرلینڈز میں 2001 سے ہم جنس جوڑوں کی شادی قانونی قرار دی جاچکی ہے۔

# آذربائیجان اور ایران کے وزرائے خارجہ کا دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

**باکو (یو این آئی/اسپوتنک)**

آذربائیجان اور ایران کے وزرائے خارجہ، جیہون بائرام اوف اور حسین امیر عبداللہیان نے ٹیلی فون پر دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا۔ یہ بحث اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ حال ہی میں نظر آنے والی بیان بازی دونوں ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کی سطح کے مطابق نہیں ہے۔ ستمبر کے وسط میں ایران اور آذربائیجان کے درمیان کشیدگی بڑھ گئی۔ ایرانی حکام کو شبہ ہے کہ آذربائیجان ایران کے علاقائی حریف اسرائیل کے ساتھ قریبی تعاون کررہا ہے۔ ایران نے اسرائیل پر آذربائیجان کے ذریعہ ایرانی سرحدوں کے قریب جانے کی کوشش کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ناگورنو کراباخ کی صورتحال سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی جارہی ہے، ساتھ ہی ساتھ باکو اور تہران کے درمیان تعلقات میں کشیدگی کو ہوا دی گئی۔ آذربائیجان کی وزارت خارجہ نے کہا، "وزراء نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی موجودہ حالت پر تبادلہ خیال کیا۔ پارٹیوں نے نوٹ کیا کہ حال ہی میں دیکھی گئی بیان بازی ہمارے ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کی سطح سے مطابقت نہیں رکھتی اور تمام اختلافات کو بات چیت کے ذریعے حل کیا جانا چاہیے۔




# اسپین: آتش فشاں پھٹنے سے سینکڑوں افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل

**میڈرڈ (یو این آئی/ژنهوا)**

ہسپانوی جزیرے لا پالما جزیرے پر آتش فشاں پھٹنے کی وجہ سے متاثرہ علاقے سے تقریبا 700 سے 800 افراد کو نکال لیا گیا ہے۔ مقامی ایمرجنسی ڈپارٹمنٹ نے یہ اطلاع دی ہے۔ اس سے قبل جزیرے پر آتش فشاں پھٹنے کی وجہ سے تقریبا 6 ہزار افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جاچکا ہے۔ آتش فشاں سے نکلنے والے لاوا سے تقریبا 1،281 عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ ہسپانوی وزیراعظم پیڈرو سانچیز نے کہا کہ وہ بدھ کو لا پالما کا ایک اور دورہ کریں گے۔ یہ تین ہفتوں میں لا پالما کا ان کا چوتھا دورہ ہوگا۔

# اسرائیل میں موجود امریکی فورسز کی امریکی مرکزی کمان میں شمولیت

**دبئی (ایجنسیاں)** العربیہ نیوز چینل کو ایسی معلومات موصول ہوئی ہیں جن سے خطے میں ایران کا مقابلہ کرنے کے لیے امریکہ اسرائیل تعاون کی تفصیلات کا انکشاف ہوتا ہے۔ گذشتہ ماہ ستمبر میں امریکہ کی جانب سے ایک مختصر بیان میں بتایا گیا تھا کہ اسرائیلی میں موجود امریکی فورسز مشرق وسطی میں امریکی مرکزی کمان میں شامل ہوگئی ہیں۔ مبصرین کے نزدیک ایران کے بڑھتے ہوئے خطرے بالخصوص اس کے میزائل پروگرام سے نمٹنے کے سلسلے میں یہ اقدام انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ ایک امریکی عسکری ذمے دار کے مطابق یہ مشرق وسطی میں ایک ٹرننگ پوائنٹ ہے۔ اس سے قبل اسرائیل میں موجود ان فورسز کا امریکی مرکزی کمان میں شامل ہونا ناممکنات میں سے تھا۔ اس شمولیت کے حوالے سے تکنیکی تفصیلات کے بارے میں العربیہ اور الحدث نیوز چینلوں کے ذرائع نے بتایا کہ امریکی ریاست فلوریڈا میں مکڈیل بیرک، امریکیوں اور اسرائیلیوں کے درمیان عسکری معلومات کی رابطہ کاری کا مرکز بن گیا ہے۔

# امریکہ میں طیارہ زمین بوس، 2 گھر اور 2 ٹرک بھی تباہ، 2 جانیں بھی گئیں

**سان ڈیاگو(ایجنسیاں)** امریکی ریاست کیلی فورنیا میں ایک انجن والا چھوٹا طیارہ دوران پرواز ہچکولے کھاتے ہوئے گھر پر گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک اور 2 زخمی ہوگئے۔ عالمی خبررساں ادارے کے مطابق دو انجن والا کیسنا طیارہ سان ڈیاگو کے نزدیک ایک گھر کے عقبی حصے سے ٹکرا کر تباہ ہوگیا جہاں ایک مال بردار ٹرک اور فائر بریگیڈ کی گاڑی بھی کھڑی تھی۔



طیارے گرنے سے دو گھر، ٹرک اور فائر بریگیڈ کی گاڑی تباہ ہوگئی۔ حادثے میں 2 افراد ہلاک اور 2 زخمی ہوگئے۔ زخمیوں سے ایک کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔ ریسکیو ادارے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ طیارہ، ٹرک اور گھر کا ملبہ ایک ہوگیا جس سے یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ ہلاک شدگان طیارے کے مسافر تھے یا ٹرک اور گھر میں موجود افراد تھے۔ ٹرک کی ملکیت رکھنے والے یو پی ایس ڈلیوری کے ادارے نے حادثے میں ٹرک کے تباہ ہونے اور ایک ٹرک میں موجود ایک ملازم کی ہلاک ہونے کی تصدیق کی ہے۔ ابھی یہ معلوم نہیں ہوسکا ہے کہ طیارے میں کتنے افراد موجود تھے۔ ایوی ایشن نے حادثے کی تحقیقات کے لیے انکوائری کمیٹی تشکیل دیدی ہے۔